بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قوت ۴۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

The Daily ALFAZL RABWAH

قیمت فی شمارہ ۲۵ پیسے

جلد ۶۹/۳۴ | ۱۲ شعبان ۱۴۰۰ھ ؛ ۲۶ احسان ۱۳۵۹ھش ؛ ۲۶ جون ۱۹۸۰ء | نمبر ۱۴۵

تفسیر القرآن از حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

قرآن کریم انسان کو اسکی فطرت کی ترقیات کے آخری مقام پر پہنچاتا ہے

یہ خدا تعالیٰ کا وہ کلام ہے جو انسانی تکمیل کے لئے اپنے اندر ایک کامل طاقت رکھتا ہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ارشاد باری تعالیٰ

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ (البقرہ ۳-۴)

ترجمہ: میں اللہ سب سے زیادہ جاننے والا ہوں۔ یہی کامل کتاب ہے۔ اس (امر) میں کوئی شک نہیں۔ متقیوں کو ہدایت دینے والی ہے جو غیب پر ایمان لاتے ہیں اور نماز کو قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے رہتے ہیں۔

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

"خدا تعالیٰ نے ان آیات میں فیصلہ کر دیا ہے اور نجات پانا صرف اس بات میں حصر کر دیا ہے کہ لوگ خدا تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان لاویں اور اس کی بندگی کریں۔ خدا تعالیٰ کے کلام میں تناقض اور اختلاف نہیں ہو سکتا۔ پس جبکہ اللہ جلشانہ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی متابعت سے نجات کو وابستہ کر دیا ہے۔ تو پھر یہ ایمانی بنے کہ ان آیات قطعیۃ الدلالت سے انحراف کر کے متشابہات کی طرف دوڑیں۔ متشابہات کی طرف وہی لوگ دوڑتے ہیں جن کے دل نفاق کی مرض سے بیمار ہوتے ہیں۔

ان آیات میں جو معرفت کا نکتہ مخفی ہے وہ یہ ہے کہ آیات ممدوحہ بالا میں خدا تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے۔ کہ الٓمّٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ۔ یعنی یہ وہ کتاب ہے جو خدا تعالیٰ کے علم سے ظہور پذیر ہوئی ہے۔ اور چونکہ اس کا علم جہل اور نسیان سے پاک ہے۔ اس لئے یہ کتاب ہر ایک شک و شبہ سے خالی ہے۔ اور چونکہ خدا تعالیٰ کا علم انسانوں کی تکمیل کے لئے اپنے اندر ایک کامل طاقت رکھتا ہے۔ اس لئے یہ کتاب متقین کے لئے ایک کامل ہدایت ہے۔ اور ان کو اس مقام تک پہنچاتی ہے۔ جو انسانی فطرت کی ترقیات کے لئے آخری مقام ہے۔ اور خدا ان آیات میں فرماتا ہے کہ متقی وہ ہیں جو پوشیدہ خدا پر ایمان لاتے ہیں۔ اور نماز کو قائم کرتے ہیں اور اپنے مالوں میں سے کچھ خدا کی راہ میں دیتے ہیں اور قرآن شریف اور پہلی کتابوں پر ایمان لاتے ہیں۔ وہی ہدایت کے سرپر ہیں اور وہی نجات پائیں گے" (تفسیر سورہ بقرہ صفحہ ۷)

اخبار احمدیہ

- ربوہ ۲۵ احسان / جون۔ سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج کی اطلاع مظہر ہے کہ

طبیعت پہلے کی نسبت بہتر ہے

احباب کرام توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ مشافی مطلق ہمارے پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ کو صحت و سلامتی سے رکھے۔ آپ کے عالمگیر منصوبوں میں اپنے خاص فرشتوں کی تائید نازل کرے۔ اور آپ کا حافظ و ناصر ہو آمین۔

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کی طبیعت پہلے سے بہتر ہے۔ احباب کرام التزام کے ساتھ دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کامل عطا کرے۔ اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے آمین۔

خون کی فوری ضرورت

ہمارے والد محترم جو کہ لاہور کے ایک ہسپتال میں علالت کے باعث زیر علاج ہیں۔ ان کے لئے خون درکار ہے ان کے خون کا گروپ (AB-) (نیگٹو) ہے خدام کو چاہیئے کہ قائد صاحب ماڈل ٹاؤن سے رابطہ قائم کریں یا فون نمبر ۴۹۴۴۳ ناظر قائد صاحب سے رابطہ قائم کریں۔

رانا رفیق۔ نعیم سلیم۔ کلیم پسران

احمدی ڈاکٹروں کیلئے خدمت کا نادر موقعہ

احمدی ڈاکٹر اور سپیشلسٹ جو خدمت کا شوق رکھتے ہوں اور کچھ دن وقف عارضی کے لئے دے سکتے ہوں وہ اطلاع دیں تا ان سے رابطہ پیدا کر کے وقت کا تعین کیا جا سکے۔

(سیکرٹری نصرت جہاں ربوہ)

فون - 590 ربوہ

روزنامہ الفضل ربوہ

۱۲ شعبان ۱۴۰۰ھ

۱۶ احسان ۱۳۵۹ ہش

Digitized by Khilafat Library Rabwah

آخرِ شب کی خصوصی دُعاؤں میں لگ جائیں

ہمارے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے سولہویں فضل عمر درس القرآن کلاس کا افتتاح کرتے ہوئے اپنے بیرونی ممالک کے دورے کا ذکر کرتے ہوئے احباب جماعت کو توجہ دلائی ہے کہ وہ اس دورے کی کامیابی کے لئے خصوصی دعائیں کریں۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس مقصد کے لئے ایک تو عمومی طور پر احباب جماعت کو توجہ دلائی ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ ان احباب کو بھی متوجہ کیا ہے جو کہ راتوں کے پچھلے پہر اٹھ اٹھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور جھکتے ہیں اور عاجزانہ دعائیں کرتے ہیں۔ حضور ایدہ اللہ نے ایسے احباب کو کہا ہے کہ وہ اس بدھ ۲۵ جون سے آئندہ بدھ یعنی ۲ جولائی تک کے ایک ہفتے میں خصوصی طور پر اس دورے کی کامیابی کے لئے دعاؤں کا اہتمام کریں۔

یہ محض اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و کرم ہے کہ جماعت احمدیہ کو اللہ تعالیٰ نے ایسے وجودوں سے نوازا ہے جو کہ رات کے پچھلے پہر اٹھنے کے عادی ہیں اور اس وقت جبکہ ساری دنیا آرام اور سکون کی نیند سو رہی ہوتی ہے وہ اپنے مولا کے آگے گڑگڑاتے ہیں اور اس کی رحمت و بخشش طلب کرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو کہ اپنے مولا سے جو مانگتے ہیں پاتے ہیں۔

انہی لوگوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے اپنے پاک کلام میں ارشاد فرمایا ہے کہ:۔

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ (بنی اسرائیل: ۸۰)

ترجمہ:۔ اور رات کو بھی تو اس (قرآن) کے ذریعہ سے کچھ سو لینے کے بعد شب بیداری کیا کر جو تجھ پر ایک زائد انعام ہے (اس طرح پر) بالکل متوقع ہے کہ تیرا ربّ تجھے حمد والے مقام پر کھڑا کر دے۔

ایسے صاحب دُعا احباب کا وجود جماعت احمدیہ کے لئے اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے یہ دعائیں کرنے والے اور اللہ تعالیٰ کے آگے رونے اور عاجزی و زاری کرنے والے ہماری جماعت کا ایک بہت بڑا سرمایہ ہیں۔ انہی کی دعاؤں کا طفیل ہے کہ جماعت احمدیہ قربانی کے میدان میں دن رات آگے سے آگے بڑھتی چلی جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دنیا کے کونے کونے میں احمدیت کے نفوذ میں اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اور جماعت کو اللہ تعالیٰ کی توحید اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا پیغام پہنچانے کی سعادت ملتی چلی جا رہی ہے۔

اسکی عقلی توجیہہ بھی یوں آسانی سے کی جا سکتی ہے کہ ہماری مختصر سی اور غریب سی جماعت کے سپرد اشاعت اسلام کا جو عظیم کام لگایا گیا ہے اور اسلام کے مقابلے پر دنیا بھر کے مذاہب جو رقوم خرچ کرتے اور کوششیں صرف کرتے ہیں ان کی مقدار اتنی زیادہ ہے کہ ہماری جماعت کی حقیر کوششیں اس کے مقابلے میں کوئی وقعت نہیں رکھ سکتیں۔ اس صورت حال میں دیکھا جائے تو جماعت احمدیہ کی ساری کامیابیوں کا دارومدار صرف اور صرف دُعا پر ہی ٹھہرتا ہے۔ کیونکہ دنیا بھر کے کونے کونے میں جماعت احمدیہ کو اسلام کی اشاعت میں جو محیر العقول کامیابیاں ملی ہیں وہ اس معمولی سے سرمائے اور اس تھوڑی سی کوشش سے ہرگز حاصل نہیں ہو سکتی تھیں۔ ان کی وجہ اللہ تعالیٰ کا وہ فضل ہے جو کہ دن رات کی عاجزانہ دعاؤں سے احباب جماعت احمدیہ نے کھینچا اور دُعا کی تاثیرات سے کس کو انکار ہو سکتا ہے جبکہ وہ احمدیت کی اس زبردست ترقی کا خود مشاہدہ کر لے اور یہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لے کہ اسکی کامیابی میں اصل ہاتھ کسی غیر مرئی طاقت کا ہے اور اس کے لئے مادی سامان تو نہ ہونے کے برابر تھے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام دُعا کی تاثیرات کے بارے میں بیان کرتے ہوئے نہایت خوبصورت انداز میں بیان فرماتے ہیں:۔

"ایک بچہ جب بھوک سے بے تاب ہو کر دودھ کے لئے چلاتا اور چیختا ہے تو ماں کے پستان میں دودھ جوش مار کر آ جاتا ہے۔ بچہ دُعا کا نام بھی نہیں جانتا لیکن اس کی چیخیں دودھ کو کیونکر کھینچ لاتی ہیں اس کا ہر ایک کو تجربہ ہے بعض اوقات دیکھا گیا ہے کہ مائیں دودھ کو محسوس بھی نہیں کرتیں مگر بچہ کی چلاہٹ ہے کہ دودھ کو کھینچ لاتی ہے۔ تو کیا ہماری چیخیں جب اللہ تعالیٰ کے حضور ہوں تو وہ کچھ نہیں کھینچ کر لا سکتیں؟ آتا ہے اور سب کچھ آتا ہے مگر آنکھوں کے اندھے جو فاضل اور فلاسفر بنے بیٹھے ہیں وہ دیکھ نہیں سکتے۔ بچہ کو جو مناسبت ماں سے ہے۔ اس تعلق اور رشتہ کو انسان اپنے ذہن میں رکھ کر دُعا کی فلاسفی پر غور کرے تو بہت آسان اور سہل معلوم ہوتی ہے۔

دوسری قسم کا رحم یہ تعلیم دیتا ہے کہ ایک رحم مانگنے کے بعد پیدا ہوتا ہے مانگتے جاؤ ملتا جائے گا ادعونی استجب لکم کوئی لفاظی نہیں بلکہ یہ انسانی سرشت کا ایک لازمہ ہے۔ مانگنا انسان کا خاصہ ہے اور استجابت اللہ تعالیٰ کا۔ جو نہیں سمجھتا اور نہیں مانتا وہ جھوٹا ہے۔ بچہ کی مثال جو میں نے بیان کی ہے وہ دُعا کی فلاسفی خوب حل کر کے دکھاتی ہے۔"

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ ۱۲۳)

حضرت امام آخر الزمان علیہ السلام نے دُعا کا سارا مغز اس ایک اقتباس میں کس خوبصورتی سے نکال کر رکھ دیا ہے۔

آئیے ہم بھی اپنے امام کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے اپنے آقا کے بیرونی ممالک کے دورے کی کامیابی کے لئے ایک بھوکا بچہ بن جائیں۔ ہم روئیں گڑگڑائیں اور آنسوؤں سے اپنی سجدہ گاہوں کو تر کر دیں۔ اے اللہ تعالیٰ ہمارے پیارے آقا اور امام کو اپنے فرشتوں کی حفاظت میں رکھ۔ سفر کے ہر ہر لمحے میں ان کے بابرکت وجود پر اپنی رحمت کا سایہ رکھ ہر ملک اور ہر شہر میں کامیابی اور کامرانی ان کے قدم چومے۔ ہمارے آقا کی وہ دلی تڑپ پوری کر کہ دنیا بھر محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے آ جائے۔ اے بارالہا! یہ دنیا جلد از جلد محمد عربیؐ کی غلام بن جائے۔ اے اللہ اس دورے کے ذریعے شرک اور دہریت کی طاقتوں کو مٹا دے۔ شیطان کو زبردست شکست دینے کی توفیق دے۔ اے معبود حقیقی! اے تمام قدرتوں کے مالک! اے قادر مطلق خداوند خدا! اپنی خاص رحمت کی نظر سے اپنے پیارے مسیح کے پاک خلیفہ کو اسلام کا بول بالا کرنے کی توفیق دے۔ وہ دنیا جو کہ تیرے نام سے دُور ہے اسے پھر سے توحید کا کلمہ پڑھوانے کی توفیق دے۔ ہمارے امام ہمام ایدہ اللہ کے دورے کو ہر جہت سے بابرکت کر۔ مخالفین کے دلوں کو خود موم کر دے۔ اسلام کے دشمنوں کو نیچا دکھانے کی توفیق دے۔ دورے کے ہر لمحے اور دورے کے ہر قدم میں اپنی خاص تائید نازل فرما۔ دورے کے ایام میں اہل ربوہ اور اہل پاکستان کو اپنی محبت اور پیار کی فضا میں رکھ ان پر اپنی لا انتہا برکات نازل کر اور دورے سے واپسی پر ہمارے آقا ایدہ اللہ کو بخیریت تمام واپس لا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام دُعا کی حقیقت کے ضمن میں فرماتے ہیں:۔

"لیکن یہ مت سمجھو کہ دعا صرف زبانی بک بک کا نام ہے بلکہ وہ ایک قسم کی موت ہے جس کے بعد زندگی حاصل ہوتی ہے جیسا کہ پنجابی میں ایک شعر ہے:۔

جو منگے سو مر رہے ۔ مرے سو منگن جا

دُعا میں ایک مقناطیسی اثر ہوتا ہے وہ فیض اور فضل کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔"

(ملفوظات جلد دہم صفحہ ۶۳)

سپین میں جماعت احمدیہ کی تبلیغی سرگرمیاں

لارڈ بشپ قرطبہ، میئر قرطبہ، اور دیگر اہم شخصیات کو انفرادی تبلیغ

مشن ہاؤس میں بعض دوستوں کی تشریف آوری، لٹریچر کی تقسیم،

(مکرم چوہدری کرم الٰہی صاحب ظفر مبلغ انچارج احمدیہ مشن سپین)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اگرچہ عرصہ ہوا۔ لارڈ بشپ صاحب قرطبہ (سابق) سے ملاقات کا موقع ملا تھا اور ان کی خدمت میں اسلامی کتب پیش کی گئی تھیں اور تبلیغ بھی کی گئی تھی مگر اب وہ تبدیل ہو کر کسی اور جگہ چلے گئے ہیں۔ اب موجودہ لارڈ بشپ صاحب

REV. D. JOSE ANTONIO FLORIDO.

سے وقت مقرر کر کے ملاقات کی گئی مکرم عبد الستار خان صاحب بھی ساتھ تھے محترم بشپ صاحب کو احمدیت کی مختصر تاریخ سے متعارف کرایا گیا اور سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کے تینوں خلفائے کرام کے فوٹو بھی آپ کو دکھائے گئے۔ بشپ صاحب نے ہر فوٹو کو غور سے دیکھا اور ان مقدس نورانی چہروں کو دیکھ کر بہت متاثر ہوئے۔ ان کو بتایا گیا کہ سیدنا حضرت مرزا غلام احمد صاحب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مبارک وجود میں حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی آمد ثانی کی پیشگوئی پوری ہو چکی ہے۔ عین اسی طرح جس طرح حضرت مسیح ابن مریم کے وقت میں ایلیاہ نبی کی آمد ثانی کی پیشگوئی یحییٰ نبی کے وجود میں پوری ہو گئی۔ بدقسمتی سے اہل یہود بھی غلطی سے سمجھتے تھے کہ حضرت ایلیاہ ایک رتھ میں ایک بگولہ کے ساتھ آسمان پر چلے گئے تھے۔ اور مسیح کی آمد سے قبل آسمان سے نازل ہونگے۔

ہم خلوص دل اور محبت سے عرض کرتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ جو ہمارا آسمانی اور روحانی باپ ہے اور اس وقت یہاں موجود ہے۔ بغیر آنکھوں کے دیکھتا ہے وہ بغیر منہ کے بولتا ہے اور وہ بغیر کانوں کے سنتا ہے۔ وہ وحدہٗ لاشریک اور لازوال ہے۔ ہمیں اسی کی عبادت اسی کے حضور دعا اور عاجزی براہ راست کرنی چاہیئے۔

ہم اگرچہ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین اور افضل الرسل مانتے ہیں لیکن کوئی مسلمان آپ کی عبادت نہیں کرتا نہ آپ سے دعا کرتا ہے۔ آپ لوگوں کو بھی چاہیئے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو خدا تعالےٰ کے ایک پاک رسول تھے۔ ان کی عبادت نہ کریں نہ ان سے دعا کرتے ہوئے کچھ طلب کریں۔ ان کو اور اپنے اولیاء کو وسیلہ نہ بنائیں۔ بلکہ آپ بھی جیسا کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام نے ہمیں سکھایا ہے محض اللہ تعالےٰ آسمانی باپ ذات واحد کی ہی عبادت کریں۔

ان کی خدمت میں اسلام کا اقتصادی نظام۔ اسلامی اصول کی فلاسفی، اسلام کا تمدنی نظام لائف آف محمد، ہی اسلام کو کیوں مانتا ہوں اور دیگر پمفلٹ وغیرہ پیش کئے گئے۔ بشپ صاحب بڑی خوشی اور تپاک سے پیش آئے ان کے پرائیویٹ سیکرٹری اور دو پادریوں کو بھی کتب سلسلہ مطالعہ کے لئے دیں۔

اللہ تعالےٰ سے دعا ہے کہ عیسائیت کے ذمہ دار لوگوں کو اور رہنماؤں کو اس کی توحید اسلام کی سچائی سمجھنے اور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو قبول کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین

قرطبہ صوبہ کے اعلیٰ پولیس آفیسر سے ملاقات

صوبہ قرطبہ کے پولیس کے اعلیٰ حاکم D. CARLOS ENRIQUE GOMEZ DE RAMON. سے بھی ملاقات کی صاحب موصوف کو تبلیغ اور احمدیت کی مختصر تاریخ بیان کرنے کے بعد سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپ کے خلفاء کرام کی بڑے سائز کی تصاویر دکھائیں جو انہوں نے بڑی توجہ اور شوق سے دیکھیں صاحب موصوف نے از خود ہی اندلس اور سپین کی عہد ماضی میں اسلامی دور حکومت کی شاندار روایات کا ذکر کیا اور بڑے فخر سے فرمایا کہ ہمارا شہر قرطبہ اس وقت میں ہر قسم کے علوم و فنون کا گہوارا تھا جب انہیں سلسلہ کی کتب پیش کی گئیں تو بخوشی قبول کیں اور کہا مجھے اسلام کے متعلق معلومات حاصل کرنے کا بہت شوق ہے اور وعدہ فرمایا کہ وہ مشن کے لئے ہر قسم کی اخلاقی مدد کرنے کو تیار ہیں۔

قرطبہ شہر کے لارڈ میئر سے ملاقات

قرطبہ شہر کے میئر D. JULIO ANGUITO GONZALEZ سے وقت لے کر ملاقات کی مکرم میئر صاحب کمیونسٹ پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔ نہایت خندہ پیشانی اور محبت سے ملے یہ محض اللہ تعالےٰ کا فضل ہے کہ اسلام کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے انہیں دلی شوق ہے۔

انہوں نے بیان کیا کہ اندلس اور سپین میں آٹھ سو سالہ اسلامی عہد حکومت میں یہ کہنا غلط ہے کہ مسلمان صرف عرب لوگ تھے جو باہر سے آئے حقیقت یہ ہے کہ ہم بھی ہسپانوی نسل کے مسلمان تھے۔ اور ہم ہی ان کی نسل ہیں۔ کیتھولک چرچ کی سخت غلطی تھی کہ مسلمانوں کو ملک بدر کر دیا یا جبراً عیسائی بنا لیا گیا۔ اس کے بعد سپین میں زوال آنا شروع ہوا ان کا یہ فعل سپین کے لئے اقتصادی طور پر اور ہر لحاظ سے سخت نقصان کا باعث ہوا۔ اسلامی زمانہ میں سپین نے جو ترقی اور عروج حاصل کیا وہ ابھی تک اسے نصیب نہیں ہوا۔

اسلامی زمانہ میں جو مذہبی آزادی عیسائیوں، یہودیوں اور دیگر فرقوں کو حاصل تھی وہ مذہب اسلام کا طرۂ امتیاز ہے۔

صاحب موصوف نے اس بات کی خواہش ظاہر کی کہ دوبارہ پھر وہی آزادی مذہب حاصل ہونی چاہیئے۔

جب انہیں بتایا گیا کہ حضرت مسیح ابن مریم علیہ السلام صلیب کی لعنتی موت سے بچ کر کشمیر میں فوت ہوئے اور سرینگر محلہ خانیار میں ان کی قبر ہے تو بڑی گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور بیان کیا کہ تاریخ کے مطالعہ کے بعد وہ بھی اسی نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ موجودہ عیسائی مذہب کے عقائد یونانی اور ہندو بت پرستوں کے عقائد کی نقل ہیں۔ جب انہیں "مسیح صلیب پر فوت نہیں ہوئے" ٹریکٹ دیا تو انہوں نے کہا کہ میں آج کھانا کھاتے ہوئے اسے ضرور پڑھوں گا۔ عوام میں ان کے متعلق مشہور ہے کہ یہ دہریہ ہیں۔ لیکن ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ لوگوں کے ساتھ ہمدردی سے پیش آتے اور ان کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں خاکسار نے ان کو کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ لوگ آپ کی نیکی اور ہمدردی کی تعریف کرتے ہیں۔ لیکن بندہ آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ آپ غور کرتے رہیں اس کائنات کا ایک خالق اور مالک خدا ہے جو رب العالمین ہے اس نے اپنے رسولوں سے ہم کلام ہو کر اپنی ذات کا ثبوت دیا۔ آپ جو لوگوں سے نیکی کرتے ہیں وہ اللہ تعالےٰ کی خاطر کیا کریں اس سے آپ کو حقیقی لطف حاصل ہوگا۔

اللہ تعالےٰ کے فضل سے یہ ملاقات نہایت خوشگوار دوستانہ اور بے تکلفانہ رنگ میں ہوئی۔ صاحب موصوف کو بھی سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور سیدنا حضرت

خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تصاویر دکھائی گئیں جن کو دیکھ کر وہ بہت متاثر ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنی رحمت سے SR. ALCALDE اور باقی اہلِ سپین کے دلوں کو اسلام کی سچائی قبول کرنے کے لئے جلد کھول دے۔

ایک فلسطینی فیملی کو تبلیغ احمدیت

مکرم احمد مصطفےٰ صاحب میڈیکل کورس کر رہے ہیں ان کے گھر چائے پر گئے۔ ان کو جماعت احمدیہ کی مختصر تاریخ و تعلیم بتائی گئی۔ میری اہلیہ محترمہ نے ان کی اہلیہ صاحبہ کو احمدیت کی تبلیغ کی اور اسلام کے متعلق بعض مسائل کو صحیح رنگ میں پیش کیا۔ اور اسلامی تعلیم کی حکمت بیان کی ان کو بھی سلسلہ کی کتب مطالعہ کے لئے دی گئیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے احمدیت سے تعصب نہیں رکھتے۔ اللہ تعالیٰ انہیں ہدایت نصیب فرمائے اور جماعت احمدیہ میں داخل ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

ایک آرکیٹیکٹ اور انکی فیملی کو تبلیغ

D. JOSE LUIS LOPEZ، آرکیٹیکٹ صاحب جنہوں نے ہماری مسجد اور مشن ہاؤس کا مجوزہ نقشہ تیار کیا ہے ان کو تبلیغ تو ہر وقت ہوتی رہتی ہے اور کتب سلسلہ بھی مطالعہ کے لئے دی ہوئی ہیں ان کو ایک روز کھانے پر مدعو کیا گیا میری اہلیہ نے ان کی اہلیہ صاحبہ کو تبلیغ کی اور اسلام میں عورتوں کے متعلق جو تعلیم ہے اسے بیان کیا اور اس بات کی تردید کی کہ اسلام عورتوں کے حقوق کی حق تلفی کرتا ہے۔ نیز پردہ کی فلاسفی بیان کرتے ہوئے واضح کیا کہ پردہ عورت کی عزت و عصمت کی حفاظت کے لئے ہے اسلام عورت مرد کے آزادانہ اختلاط سے روکتا ہے۔

پردہ کی غرض یہ نہیں کہ عورت کو گھر میں بند رکھا جائے۔ اسلام ہی پہلا مذہب ہے جس نے نہ صرف عورتوں کے حقوق کی پوری حفاظت کی بلکہ ان کو مردوں کے برابر حقوق دیئے وہ اعمال صالحہ بجا لانے اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے میں مردوں سے آگے نکل سکتی ہیں۔ اسلام میں عورت اپنے خاوند کی مقدس بیوی۔ اپنی اولاد کی مقدس ماں اور اپنے والدین کی مقدس بیٹی ہے۔ اسلام میں عورت کو یہ درجہ ہے کہ ہمارے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ خیرکم خیرکم لاھلیکم "تم میں سے بہتر وہ شخص ہے جو اپنے اہل کے لئے اچھا ہے" یورپ نے عورت کو جو آزادی دے رکھی ہے اس میں سراسر عورت کی ذلت ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اہلِ سپین کو اسلام کی پیاری تعلیم سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

متفرق

مشن ہاؤس میں دو جرنلسٹ بھی تشریف لائے اور انہوں نے اسلام احمدیت کے متعلق خاکسار کے بیان کو تقریباً ایک گھنٹہ تک ریکارڈ کیا ان کو کتب سلسلہ بھی مطالعہ کے لئے دی گئیں PEDRO ABAD میں بھی متعدد افراد کو تبلیغ کا موقع ملا۔ گاڑی اور بسوں کے مسافروں کو اور شہر میں بھی کثرت سے پمفلٹ ٹریکٹ تقسیم کئے گئے شاہِ سپین کو بھی خط کے ذریعہ قرطبہ اخبار کا کٹنگ بھجوا کر خوشخبری دی کہ آپ کے عہد میں سپین میں جماعت احمدیہ پہلی مسجد تعمیر کر رہی ہے تا اس میں اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کی جائیں تا دنیا بھر میں امن و سلامتی قائم ہو اور اللہ تعالیٰ سپین کو بھی ہر قسم کی بدامنی اور فساد سے بچا کر رکھے۔ انسان، انسان سے محبت پیار سے رہنا سیکھے اور اہلِ سپین بھی امن اطمینان اور سلامتی کی زندگی بسر کریں بادشاہ سلامت نے خط کا جواب دیا اور شکریہ ادا کیا۔

اشبیلیہ کے ایک گاؤں۔ مالگا سیوا دریال کے تین دوستوں کو تبلیغ کا موقع ملا انہیں اسلام کے متعلق کتب دی گئیں۔ قرطبہ میں ایک ایرانی بھائی مبلغ ایک پاکستانی پروٹسٹنٹ مشنری اسی طرح اور متعدد اشخاص کو مشن ہاؤس میں مدعو کر کے تبلیغ کی گئی۔ ایک ایرانی شیعہ طالب علم جو میڈرڈ میں انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں میڈرڈ میں تشریف لائے اور کہنے لگے۔ گو میرے والدین شیعہ ہیں۔ مگر میں خود سادہ مسلمان ہوں۔ اسلام کے خلفائے راشدہ کو برحق سمجھتا ہوں۔ ان کو دو گھنٹے تبلیغ کی۔ سلسلہ کتب مطالعہ کے لئے دی گئیں۔ جب انہیں بتایا کہ قرآن شریف کی آیت "آخرین منھم لما یلحقوا بھم" جب نازل ہوئی۔ تو رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت سلمان فارسیؓ کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا۔ "لو کان الایمان معلقاً ..... اس حدیث کے مطابق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو جو فارسی النسل ہیں۔ اس زمانہ میں مسیح موعود اور مہدی موعود بنا کر مبعوث فرمایا" اس پر بہت خوشی کا اظہار کیا۔

اللہ تعالیٰ سے دردمندانہ دعا ہے کہ وہ محض اپنے فضل و کرم سے جلد جماعت کی ترقی و غلبہ اور اسلام کی فتح کے غیب سے راستے کھول دے اور سعید مخلص روحوں کی ایک بھاری جماعت عطا فرمائے آمین۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

تربیتی کلاس کا انعقاد

مجالس خدام الاحمدیہ حلقہ رجوعہ تحصیل چھالیہ ضلع گجرات کی سالانہ تربیتی کلاس یکم اور دو مئی کو بمقام رجوعہ منعقد ہوئی نماز ظہر و عصر کی ادائیگی کے بعد دو بجے بعد دوپہر مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر مربی سلسلہ احمدیہ ضلع گجرات نے کلاس کا افتتاح فرمایا ان کے افتتاحی خطاب کے بعد خدام و اطفال کے ورزشی مقابلے ہوئے۔

ورزشی مقابلوں کے بعد چار بجے دوسرا اجلاس زیر صدارت مکرم منصور احمد صاحب عمر منعقد ہوا جس میں مکرم احمد خان صاحب داہلہ معلم وقف جدید رجوعہ مکرم محمد اسلم صاحب شاد اور مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر نے بعض تربیتی امور پر تقاریر کیں یہ اجلاس چھ بجے تک جاری رہا۔ نماز مغرب و عشاء کی ادائیگی کے بعد مکرم چوہدری محمد عبداللہ صاحب وڑائچ کے گھر پر خدام و اطفال نے کھانا کھایا۔ کھانا سے فارغ ہونے کے بعد تیسرا اجلاس زیر صدارت مکرم چوہدری محمد شریف صاحب صدر جماعت احمدیہ رجوعہ منعقد ہوا اس اجلاس میں مکرم مولوی محمد علی صاحب بھروانہ مربی سلسلہ مکرم بشارت احمد صاحب کوثر معلم وقف جدید اور مکرم منصور احمد صاحب عمر نے تقاریر کیں۔

گیارہ بجے شب قائد مجالس خدام الاحمدیہ ضلع گجرات کی صدارت میں قائدین مجالس اور نگران حلقہ جات کی میٹنگ منعقد ہوئی جو بارہ بجے تک جاری رہی۔

بارہ بجے سے تین بجے شب تک خدام و اطفال نے آرام کیا تین بجے بیدار ہوئے اور اجتماعی نماز تہجد میں شریک ہوئے جو مکرم مولوی محمد علی صاحب بھروانہ نے پڑھائی نماز فجر کی ادائیگی کے بعد مکرم مولوی محمد علی صاحب بھروانہ نے درس قرآن کریم و حدیث دیا چھ سے سات بجے تک سیر و تفریح کا پروگرام تھا اس کے بعد صدر جماعت مقامی کے گھر خدام و اطفال نے صبح کا کھانا کھایا آٹھ بجے اس دن کا پہلا اجلاس زیر صدارت مکرم مولوی محمد علی صاحب بھروانہ مربی سلسلہ منعقد ہوا اس اجلاس میں خدام و اطفال کے تقریری اور نظم خوانی کے مقابلے ہوئے۔ تربیتی کلاس کے آخری اجلاس میں جو دس بجے زیر صدارت مکرم محمد علی صاحب بھروانہ مربی سلسلہ منعقد ہوا۔ خدام و اطفال کا معلومات دینیہ کا مقابلہ ہوا۔ مقابلہ کے بعد مکرم قائد ضلع مرزا عبداللطیف صاحب مربیان سلسلہ مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر اور مکرم مولوی محمد علی صاحب بھروانہ نمائندگان مرکز مکرم رانا تصور احمد صاحب مہتمم تحریک جدید مکرم ملک محبوب احمد صاحب نے خطاب فرمایا آخر میں مکرم چوہدری شریف احمد صاحب صدر جماعت احمدیہ مراہ نے خدام و اطفال کو بعض نصائح کیں اور مقررین اور دوسری مجالس سے آنے والے خدام و اطفال کا شکریہ ادا کیا تقاریر کے بعد مکرم رانا تصور احمد صاحب مہتمم تحریک جدید خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے مقابلوں میں اول اور دوم آنے والوں کو انعامات تقسیم فرمائے جس کے بعد یہ سالانہ تربیتی کلاس اپنے اختتام کو پہنچی دوپہر کا کھانا مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب طاہر کے مکان پر کھایا گیا جس کے بعد نماز جمعہ مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر مربی سلسلہ نے پڑھائی کلاس میں ۱۶ مجالس کے نمائندگان شامل ہوئے حاضری تسلی بخش تھی۔

(ارفاق احمد طاہر ناظم اشاعت)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وقف جدید اور انصار اللہ کی ذمہ داریاں

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام "نشان آسمانی" کے صفحہ ۵ پر ضروری اشتہار مورخہ ۱۸۹۲ء/۵/۲۶ میں فرماتے ہیں۔

"..... اس عاجز کا ارادہ ہے کہ اشاعت دین اسلام کے لئے ایسا احسن انتظام کیا جاوے کہ ممالک ہند میں ہر جگہ ہماری طرف سے واعظ مناظر مقرر ہوں اور بندگان خدا کو دعوت حق کریں تا حجت اسلام تمام روئے زمین پر پوری ہو۔"

ہم لوگوں کا جنہوں نے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خطاب "من انصاری الی اللہ" کے جواب میں "نحن انصار اللہ" کہا ہے ایمانی فرض ہے کہ حضور اقدس کے مندرجہ بالا منشاء مقدس کی تکمیل کے لئے جو وقف جدید کی الٰہی تحریک قائم ہوئی ہے اس کو کامیاب کرنے کے لئے ہر قسم کی قربانی پیش کریں۔

زعماء کرام و ناظمین کرام اپنی ماہانہ رپورٹوں میں معین اعداد و شمار کے ساتھ اس امر کا تذکرہ فرمایا کریں کہ انصار اللہ کی کوشش و تعاون سے ان کی جماعت کے ادائیگی چندہ وقف جدید یا حصول وعدہ جات میں کس قدر اضافہ ہوا۔

(قائد وقف جدید انصار اللہ مرکزیہ)

ماہنامہ انصار اللہ ربوہ

مجلس انصار اللہ کے زعماء کرام مہربانی فرما کر اپنی اپنی مجالس میں یہ جائزہ لیں کہ ماہنامہ انصار اللہ کے کس قدر مزید خریدار مہیا کئے جا سکتے ہیں اور پھر اس سلسلہ میں اپنی کوششوں کے نتائج سے قائد اشاعت مجلس انصار اللہ مرکزیہ کو مطلع فرمائیں۔

موجودہ زمانہ میں اخلاق فاضلہ کا قیام اور اخلاقی بے راہ روی کا انسداد صرف اس طرح ممکن ہے کہ اسلام کی اخلاقی تعلیم کو باقاعدگی کے ساتھ اور احسن طریق پر لوگوں کے سامنے پیش کیا جائے۔ ماہنامہ انصار اللہ نے اسی رنگ میں تربیت کا بیڑا اٹھایا ہوا ہے۔ ماہنامہ انصار اللہ کا شاندار چندہ مبلغ پندرہ روپے مقرر ہے۔

(مینیجر ماہنامہ انصار اللہ ربوہ)

واپسی پرچہ جات خدام الاحمدیہ مرکزیہ

تمام مجالس ہائے خدام الاحمدیہ مرکزی امتحانات کے حل شدہ پرچے جلد ارسال فرمائیں۔

مطالعہ کتب

ماہ جولائی میں خدام کے مطالعہ کے لئے کتاب "فتح اسلام" مقرر ہے۔ خدام نوٹ فرما لیں۔

(مہتمم تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

ص۴: اللہ تعالیٰ ان کو اپنے فضل سے صحت یاب کرے۔

(نصیر احمد سیال رحمت بازار ربوہ)

(۴) میرا بیٹا مبارک احمد ناصر جھنگ کو سکوٹر کے حادثہ میں شدید زخمی ہو گیا ہے احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ عزیز کو جلد از جلد صحت یاب فرمائے۔ آمین (میاں محمد عارف ولد لالہ محمد احمد نگر)

ماہنامہ مصباح سے متعلق ضروری اعلان

افسوس ہے کہ ماہ جون کا ماہنامہ مصباح ہر ممکن کوشش کے باوجود بعض غیر متوقع مشکلات کی وجہ سے شائع نہیں کیا جا سکا۔ اب انشاء اللہ ماہ جون و جولائی کا رسالہ جولائی میں اکٹھا شائع کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

خریداران مصباح دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ جلد ان مشکلات کو دور کر دے اور ہم ہر ماہ مقررہ تاریخ کو رسالہ شائع کر کے بروقت قارئین کے ہاتھوں میں پہنچانے کی توفیق پا سکیں۔

(امۃ اللطیف خورشید مدیرہ مصباح ربوہ)

قرارداد تعزیت

مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے اپنے ایک ہنگامی اجلاس میں مندرجہ ذیل قرارداد منظور کی۔

"مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا یہ اجلاس مکرم ملک منور احمد صاحب جاوید سابق قائد مجلس خدام الاحمدیہ ضلع و علاقہ لاہور کے والد محترم ملک مظفر احمد صاحب ابن حضرت ڈاکٹر ظفر حسن صاحب آف گنج مغلپورہ لاہور کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔

مرحوم ۲۹/۳۰ مئی کی درمیانی شب نماز تہجد کی تیاری کرتے ہوئے اچانک دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے تھے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند سے بلند فرمائے اور اپنی رضا سے نوازے۔ اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

(ہم ہیں اراکین مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

درخواست ہائے دعا

(۱) میری والدہ محترمہ سکینہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم محمد ظہور خان صاحب جو لمبا عرصہ تک لجنہ اماء اللہ احمد نگر کی صدر رہی ہیں گذشتہ کئی سال سے بیمار ہیں فالج اور ہائی بلڈ پریشر بیمار چلی آ رہی ہیں۔ آج کل پیشاب میں انفکشن اور ضعف اور کمزوری زیادہ ہے اسی طرح میرے والد محترم کو جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابی ہیں۔ گذشتہ سے پیوستہ سال صحن میں گرنے کی وجہ سے ران کی ہڈی میں چوٹ آ گئی تھی جس کی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذور ہیں۔ کئی اور عوارض کی وجہ سے ضعف اور کمزوری بڑھتی جا رہی ہے۔ ہر دو کی کامل صحت اور درازی عمر کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

(منظور احمد خان دارالصدر شرقی ربوہ)

(۲) میرے لڑکے شیخ عثمان علی پی آئی اے آفیسر کا تبادلہ بیرون ملک میں اچانک ہو گیا۔ حال ہی میں ان کے خط سے معلوم ہوا ہے کہ سابقہ تکلیف بدستور ہے جس کی وجہ سے سخت پریشانی لاحق ہے۔ میں عاجزانہ طور پر تمام دوستوں اور بزرگوں کی خدمت میں التجا کرتا ہوں کہ بر خوردار کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا فرمائیں۔ آمین

(شیخ سبحان علی محلہ گڑھا ضلع ٹاہلی جھنگ)

(۳) میری بڑی بہن محترمہ امۃ الحکیم کافی عرصہ سے بیمار ہے اور آج کل فاطمہ جناح ہسپتال سرگودھا میں زیر علاج ہے۔ احباب دعا فرمائیں کہ

قائدین مجالس اور ضلع توجہ فرمائیں:- ۵- وفاء/جولائی تا ۱۲ وفاء/جولائی ہفتہ وصولی منایا جائے

(مہتمم مال مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدی والدین ایک وعدہ کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ کا اہم ارشاد

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احمدی والدین کو ان کے امسال امتحان دینے والے بچوں کے متعلق ایک وعدہ اور عہد کرنے کا پابند کیا ہے۔ اس عہد کا خلاصہ اپنے الفاظ میں یہ ہے۔

احمدی والدین یہ وعدہ کریں کہ وہ نگرانی کریں گے کہ امسال ان کے امتحان دینے والے تمام بچے اور بچیاں نتیجہ نکلنے پر حضور کی خدمت میں خط لکھیں گے۔

میٹرک کا امتحان دینے والے طلباء کے لئے ضروری اعلان

میٹرک کا امتحان دینے والے احمدی طلباء جو زندگی وقف کر کے اعلیٰ دینی تعلیم کے حصول کے لئے جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے خواہشمند ہیں وہ میٹرک کے نتیجہ کا انتظار نہ کریں بلکہ فوری طور پر ۳۰ جون تک) داخلہ کے لئے درخواستیں مقامی جماعت کے امیر صاحب یا صدر صاحب کی معرفت وکالت دیوان تحریک جدید ربوہ کو بھجوا دیں تاکہ انٹرویو سے پہلے ان کے کوائف مکمل کئے جا سکیں۔

۲۔ جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے امیدوار کی عمر ۱۷ سال یا اس سے کم اور تعلیم کم از کم میٹرک سیکنڈ ڈویژن ہونا ضروری ہے۔ اس لئے امیدواروں کو چاہیئے کہ وہ میٹرک کا نتیجہ نکلنے کے فوراً بعد اپنے نتیجہ امتحان کی اطلاع بھی دیں۔

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے واقفین زندگی طلباء کا انٹرویو ۲۰ اگست ۱۹۸۰ء بروز ہفتہ بوقت ۸ بجے صبح وکالت دیوان تحریک جدید میں ہوگا۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

ولادت باسعادت

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ڈاکٹر نثار احمد صاحب راٹھور آف نوکوٹ کو ۴ مئی ۱۹۸۰ء کو دوسرا فرزند عطا فرمایا ہے۔ حضرت اقدس ایدہ اللہ نے بچہ کا نام مسرور احمد تجویز فرمایا ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف ہندوؤں میں سے مسلمان ہوئے تھے۔ اور اسلام میں آکر اخلاص اور جذبہ خدمت میں بہت ترقی کی اور اس وقت اعزازی طور پر معلم وقف [illegible] ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک خادم دین لمبی زندگی پانے والا اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے آمین

خاکسار مرزا طاہر احمد (ربوہ)

- موٹاپا کیور OBESITY CURE
- ہائی بلڈ پریشر کیور HYPERTENTION CURE
- ذیابیطس کیور DIABETES CURE
- ۱۵/- روپے فی کیور - ڈاک خرچ ۵ روپے
ایک سو گیارہ کیورز کا لٹریچر فری
کیو ریٹو میڈیسن کمپنی ڈاکٹر راجہ ہومیو رجسٹرڈ
پاکستان
لاہور کراچی بیدیاں روڈ ربوہ فون ۶۰۶/۹۰۷

عشرہ وصولی چندہ وقف جدید

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

"وقف جدید کی روح یہ ہے کہ وقف کی روح کے ساتھ بنی نوع انسان کی خدمت میں وسعت پیدا کی جائے۔"

(خطبہ جمعہ ۷ جنوری ۱۹۷۲ء)

احباب جماعت کو اس روح سے روشناس کرانے کی غرض سے یکم تا ۱۰ جولائی عشرہ چندہ وقف جدید منایا جا رہا ہے۔ متعلقہ عہدہ داران سے گزارش ہے کہ اس دوران وعدہ اور وصولی میں نمایاں اضافہ کی کوشش کر کے عنداللہ ماجور ہوں۔

(ناظم مال وقف جدید ربوہ)

ضروری اعلان

امراء کرام و صدر صاحبان کی خدمت میں گزارش ہے کہ چندہ عام حصہ آمد و چندہ جلسہ سالانہ اور زکوٰۃ کی وصولی کی مہم ازراہ کرم جاری رکھی جائے۔ اور جمع شدہ رقوم ساتھ کے ساتھ ارسال مرکز کر دی جائیں۔

اگلے سال کا بجٹ یکم مئی ۱۹۸۰ء سے ۳۰ جون ۱۹۸۱ء تک کا چودہ ماہ کا تیار کیا جائے۔ مئی اور جون ۱۹۸۰ء کا بجٹ جون کے آخر تک پورا کر دیا جائے۔ اور وصول شدہ رقوم زیادہ سے زیادہ ۳۰ جون کو ۱۱ بجے دوپہر تک ربوہ میں داخل خزانہ کرا دی جائیں۔

(ناظر بیت المال آمد۔ ربوہ)

اعلانِ نکاح

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مورخہ ۱۹ جون ۱۹۸۰ء بروز جمعرات بعد نماز مغرب مکرم صوفی غلام محمد صاحب ناظر بیت المال خرچ نے عزیزم چوہدری حمید احمد ابن چوہدری سعید احمد صاحب ساکن پوہلہ مہاراں کا نکاح ہمراہ عزیزہ عطیہ مبارکہ بنت چوہدری منیر احمد سٹیشن ماسٹر ساکن دارالبرکات ربوہ مبلغ بیس ہزار روپے حق مہر پر مسجد مبارک میں پڑھا۔ عزیزم حمید احمد سیٹھ خیر الدین صاحب مرحوم آف لکھنؤ کے نواسے اور چوہدری فیض احمد صاحب مہار مرحوم سابق امیر جماعت احمدیہ حلقہ پوہلہ مہاراں کے پوتے ہیں۔ اور عزیزہ عطیہ مبارکہ ان کی نواسی ہیں۔

احباب جماعت دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں اور سلسلہ احمدیہ کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت بنائے۔

مرزا فضل الرحمٰن تمغہ خدمت
دارالبرکات ربوہ

انشاء اللہ تعالیٰ
حضرت حکیم نظام جان
کے فرزند اور جانشین
حکیم عبدالحمید صاحب اعوان
مشہور دواخانہ ربوہ
(مالک ایوان محمود)
میں
۲۶ جون اور ۲۷ جون کو
مطب فرمائیں گے۔
جمعرات تین بجے دوپہر سے شام چھ بجے تک
اور جمعہ صبح ۸ بجے سے ۲ بجے دوپہر تک
منیجر مشہور دواخانہ ربوہ

ربوہ اور بیرون ربوہ میں سستی اور زرعی جائیداد کی خرید و فروخت کا سب سے پہلا اور قابل اعتماد ادارہ
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ انس مارکیٹ ربوہ فون ۵۳۵